# مزید فیہ کا تعارف

اب تک ہم نے جو افعال سیکھے وہ تین حروف والے افعال تھے۔ ان کے مختلف صیغوں میں جو زیادہ حروف آتے ہیں، وہ دراصل یہ بتاتے ہیں کہ کس مرد، عورت نے کام کیا ہے، کیا وہ اکیلے تھے یا کئی، وغیرہ۔ نیچے کے ٹیبل کو غور سے دیکھیے کہ کس طرح مختلف صیغوں میں ف-ع-ل کے علاوہ جو حروف آتے ہیں ان کا کیا مطلب بنتا ہے:

| فعل ماضِ | فعل مضارِع |
|---|---|
| فَعَلَ | يَفْعَلُ |
| فَعَلُوْا | يَفْعَلُوْنَ |
| فَعَلْتَ<br>فَعَلْتُ | تَفْعَلُ<br>أَفْعَلُ |
| فَعَلْتُمْ<br>فَعَلْنَا | تَفْعَلُوْنَ<br>نَفْعَلُ |
| فَعَلَتْ | تَفْعَلُ |

| فعل أمر، فعل نهی، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام |
|---|
| اِفْعَلْ |
| اِفْعَلُوْا |
| لَا تَفْعَلْ<br>لَا تَفْعَلُوْا |
| فَاعِل<br>مَفْعُوْل<br>فِعْل |

مزید فیہ افعال: جن کے تین حروف والے مادے میں (ماضی کی چابی میں) زیادہ حروف آئیں مثلاً:

- عَلِمَ سے عَلَّمَ (تشدید زیادہ)،
- سَلِمَ سے أَسْلَمَ (شروع میں ہمزہ زیادہ)،

گھبرائیے مت! اردو میں بھی مَزِیْد فِیْہِ ہیں۔ ان کو سمجھ لیں تو عربی کے مَزِیْد فِیْہِ آسانی سے سمجھ سکتے ہیں۔ مثلاً لفظ "نکلا" کو لیجیے جو "ن۔ک۔ل" سے بنا ہے۔ اردو میں اس کے مختلف صیغے یوں بنیں گے:

| فعل ماضِ | فعل مضارِع | فعل أمر، فعل نهی، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام |
|---|---|---|
| وہ نکلا<br>وہ سب نکلے | وہ نکلتا ہے<br>وہ سب نکلتے ہیں | نکل!<br>نکلو! |
| آپ نکلے<br>میں نکلا | آپ نکلتے ہیں<br>میں نکلتا ہوں | مت نکل!<br>مت نکلو! |
| آپ سب نکلے<br>ہم سب نکلے | آپ سب نکلتے ہیں<br>ہم سب نکلتے ہیں | نکلنے والا<br>کسی پر اثر نہیں پڑا<br>نکلنا |

| "نکلا" کا پہلا مزید فیہ : الف بڑھا دیجیے | | | |
|---|---|---|---|
| **فعل ماضٍ** | **فعل مضارِع** | | **فعل أمر، فعل نهي، اسم فاعل، اسم مفعول، کام کا نام** |
| اس نے نکالا<br>ان سب نے نکالا | وہ نکالتا ہے<br>وہ سب نکالتے ہیں | | نکال !<br>نکالو ! |
| آپ نے نکالا<br>میں نے نکالا | آپ نکالتے ہیں<br>میں نکالتا ہوں | | مت نکال !<br>مت نکالو ! |
| آپ سب نے نکالا<br>ہم سب نے نکالا | آپ سب نکالتے ہیں<br>ہم سب نکالتے ہیں | | نکالنے والا،<br>جسے نکالا گیا<br>نکالنا |

اسی طرح سے ہم "نکلا" کا دوسرا مزید فیہ : نکلوایا (واوٗ، الف اور یاء زیادہ) کے سارے صیغے بنا سکتے ہیں۔ اردو میں مزید فیہ کے کچھ اور نمونے یہ ہیں : کھایا سے کھلایا، پیا سے پلایا، گرا سے گرایا، گرا سے گروایا وغیرہ

اردو میں پانچ تو عربی میں ۱۴ مزید فیہ ہیں ! ان میں سے 5 عام ہیں جو نیچے دیے گئے ہیں۔ قرآن میں ان کی تکرار بھی آئی ہے۔

ان سب کو آسانی سے یاد رکھنے کے لیے ہم نے 2 جملے بنائے ہیں، ان کو اچھی طرح یاد کر لیجیے :

**تعلیم اور محاسبہ کی اسلام میں بڑی اہمیت ہے (عَلَّمَ، حَاسَبَ، أَسْلَمَ)**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1660 | تشدید زیادہ | عَلَّمَ | – | – | – | – | تَعْلِيم |
| 500 | الف زیادہ | حَاسَبَ | – | – | – | – | مُحَاسَبَة |
| 4500 | ہمزہ زیادہ | أَسْلَمَ | – | – | – | – | إِسْلَام |

**اختلاف مت کیجیے، استغفار کیجیے (اِخْتَلَفَ، اِسْتَغْفَرَ)**

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| 1200 | اِ - تَ زیادہ | اِخْتَلَفَ | – | – | – | – | اِخْتِلَاف |
| 400 | اِسْتَ زیادہ | اِسْتَغْفَرَ | – | – | – | – | اِسْتِغْفَار |

اوپر کے اعداد و شمار یہ بتا رہے ہیں کہ قرآن میں اس وزن پر کتنے الفاظ آئے ہیں۔ یاد رکھیے **فعل** ماضی کی چابی اصل چابی ہے، اس میں جو حروف زیادہ آتے ہیں وہی مزید فیہ کے حروف ہیں۔ اوپر کے 3 **فعل** کی چابیوں اور 3 اسماء کی چابیوں میں سے ایک تو آپ نے سیکھ لیا، جیسا کہ اوپر کے ٹیبلس میں دیا گیا ہے۔ بقیہ دو، دو چابیاں آگے کے اسباق میں سیکھیں گے۔

قرآن میں ان پانچ قسم کے مزید فیہ والے الفاظ تقریباً: *8200 ہیں، یعنی تقریباً ہر لائن میں ایک مزید فیہ کا لفظ آتا ہے !